
# اپنے بروس ٹریل کو دریافت کریں



Bruce Trail
CONSERVANCY

## بروس ٹریل



بروس ٹریل کینیڈا کا قدیم ترین اور طویل ترین نشان زد کردہ فٹ پاتھ ہے۔ 900 کلومیٹر کا مرکزی ٹریل اور 400 کلومیٹر کے اطرافی ٹریلز کے ہمراہ، بروس ٹریل جنوبی اونٹاریو میں نیاگرا سے ٹوبرموری تک وسعت اختیار کیے ہوئے ہے۔ یہ ٹریل یونیسکو کے عالمی کرہ حیات، شاندار نیاگرا ایسکارپمنٹ تک واحد مسلسل عوامی رسائی فراہم کرتا ہے۔

## بروس ٹریل کنزرروینسی

### بیابان کی پٹی کو محفوظ رکھنا، سب کے لیے، ہمیشہ کے لیے۔

بروس ٹریل کنزرروینسی (BTC) ایک رفاہی، رکنیت پر مبنی، رضاکارانہ طور پر چلنے والی تنظیم ہے جو بروس ٹریل کی دیکھ بھال اور اس کے راستوں کی زمین کی حفاظت کرنے کے لیے وقف ہے۔ اونٹاریو کے سب سے بڑے لینڈ ٹرسٹ میں سے ایک کے طور پر، BTC ہم سب کے فائدے کے لیے اہم ماحولیاتی نظام کا تحفظ کرنے اور اسے بحال رکھنے کے لیے نیاگرا ایسکارپمنٹ کے ساتھ ساتھ زمین کی فعال طور پر حفاظت اور دیکھ بھال کرتا ہے۔



## بروس ٹریل کلب

### بروس ٹریل سے آپ کا مقامی ربط

بروس ٹریل کو نو علاقائی کلبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ کلب رضاکارانہ طور پر چلائے جاتے ہیں اور بروس ٹریل کے اپنے قطعے کی دیکھ بھال، انتظام اور فروغ کے ذمہ دار ہیں۔

کلب کے رضاکار سپورٹرز کے لیے پیدل سفر اور دیگر خصوصی تقریبات کا اہتمام کرتے ہیں، ٹریل کے تجربے کو تشکیل دیتے اور بہتر بناتے ہیں، مقامی زمینداروں کے ساتھ تعلقات برقرار رکھتے ہیں، BTC کے محفوظہ قدرتی علاقوں کا خیال رکھتے ہیں، اور مزید بہت کچھ۔





## ٹریل دریافت کریں

بروس ٹریل پیدل نیاگرا ایسکارپمنٹ کی قدرتی خوبصورتی کو دریافت کرنے کے بے شمار طریقے پیش کرتا ہے۔ ہر عمر کے دریافت کنندگان کے لیے قابل رسائی، بروس ٹریل آپ کو اسکارپمنٹ کے عجائبات – کوبل کے ساحلوں، کھلے سبزہ زاروں، آبشاروں، دراڑوں والی چٹانوں، پرانے بڑھے ہوئے جنگلات، اور حیرت انگیز نظاروں سے منسلک کرتا ہے۔




چاہے آپ دوپہر کے وقت ٹریل کو دریافت کریں یا خود کو ایک آغاز تا اختتام سفر کے ساتھ چیلنج کریں، آپ کو یقینی طور پر بروس ٹریل کا ایک ایسا تجربہ حاصل ہوگا جو آپ کو پھر سے جوان، باحوصلہ یا حیران کر دے گا۔

## ہمارے ساتھ شامل ہوں

بروس ٹریل کنزرروینسی کے رکن کے طور پر آپ یہ کریں گے...

- بروس ٹریل کی دیکھ بھال، فروغ، تحفظ اور تشہیر میں معاونت کریں۔
- آنیوالی نسلوں کے لیے نیاگرا ایسکارپمنٹ تک مسلسل، محفوظ، عوامی رسائی کو یقینی بنائیں۔
- معاونین کی ایک کمیونٹی میں شمولیت اختیار کریں جو ہمارے قدرتی ورثے کو دریافت اور حفاظت کرنے میں آپ کی طرح دلچسپی رکھتے ہیں۔
- صحت مند رہنے اور بیرونی ماحول سے لطف اندوز ہونے کے لیے ایک تفریحی اور ارزاں طریقے سے لطف اٹھائیں۔





## بروس ٹریل کنزرروینسی کو سپورٹ کریں

آپ نیاگرا ایسکارپمنٹ کے تحفظ اور بروس ٹریل کے مستقبل میں مدد کر سکتے ہیں بذریعہ:

- ممبر بن کر
- رضاکاری سے
- عطیہ دے کر
- BTC اسٹور سے مصنوعات کا آرڈر دے کر

Bruce Trail
CONSERVANCY

*بیابان کی پٹی کو محفوظ رکھنا، سب کے لیے، ہمیشہ کے لیے*


PO Box 857, Hamilton, ON, L8N 3N9
1-800-665-4453
info@brucetrail.org


**brucetrail.org**

TheBruceTrailConservancy
@BruceTrail_BTC
@brucetrail_btc







## بروس ٹریل ایپ

ابتدائی پیدل سفر کرنیوالوں، تجربہ کار کھوج کرنیوالوں، اور خواہشمند آغاز تا اختتام تک جانیوالوں سب کے لیے یکساں زبردست، بروس ٹریل ایپ آپ کے اگلے بروس ٹریل ایڈونچر کو تلاش کرنے، منصوبہ بندی کرنے اور ٹریک کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ ٹریل سے متعلق تازہ ترین معلومات سے باخبر رہنے کا ایک بہترین طریقہ، ایپ Apple اور Android دونوں ڈیوائسز پر دستیاب ہے۔

Download on the App Store

GET IT ON Google Play

## ٹریل استعمال کرنا




**کیمپ** صرف مخصوص جائے کیمپ پر۔ فہرستوں کے لیے brucetrail.org، بروس ٹریل حوالہ اور بروس ٹریل ایپ ملاحظہ کریں۔

## پیدل سفر پر ہمارے ساتھ شامل ہوں

بروس ٹریل کلب تجربہ کار رضاکار رہنما افراد کی قیادت کیساتھ متعدد منظم کردہ ہائیک/پیدل سفر کی پیشکش کرتے ہیں۔ چاہے آپ ایک ابتدائی، ثانوی، یا تجربہ کار پیدل سفر کرنیوالے فرد ہوں، آپ کے شامل ہونے کے لیے ٹریل میں ہمراہ ایک موزوں پیدل سفر موجود ہے۔ ہمارا آن لائن پیدل سفر کا شیڈول اس پر ملاحظہ کریں **hikes.brucetrail.org**

**مزید نقشوں اور ٹریل کے ذرائع کے لیے**
brucetrail.org کا دورہ کریں یا
1-800-665-4453 پر کال کریں

## نشان اندازوں کو فالو کریں




## ممبرشپ کے فوائد

آپ کی ممبرشپ بروس ٹریل اور نیاگرا ایسکارپمنٹ کو براہ راست سپورٹ کرتی ہے جسے آپ بیحد پسند کرتے ہیں۔ ممبرز کو بہت سارے فوائد حاصل ہوتے ہیں، بشمول:

- آپ کی ممبرشپ کی پوری قیمت کے لیے رفاہی ٹیکس کی ایک رسید
- منظم کردہ پیدل سفر کا توسیعی پروگرام سال بھر پیش کیا جاتا ہے
- بروس ٹریل کنزروینسی میگزین، سال میں چار مرتبہ
- آپ کے مقامی کلبوں سے خبریں
- منتخب خوردہ فروشوں اور BTC اسٹور پر رعایتیں
- خصوصی تقریبات کے لیے دعوت نامے
- ممبرشپ کا بیج اور کارڈ



brucetrail.org پر مزید جانیں